**24.01.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

.........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ذمے دار شہری کے طور پر فرائض کی ادائیگی، وکست بھارت کے حصول کی کلید ہے۔ وزیر اعظم نے یومِ جمہوریہ تقریبات میں حصہ لینے NCC کیڈٹس، جھانکی کے فنکاروں اور دیگر شرکاء سے بات چیت کی۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ یومِ جمہوریہ کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی کے طور پر صدر Prabowo Subainto کی شرکت، بھارت اور انڈونیشیا کے درمیان دوستی کا شاندار جشن ہے۔

☆ مدھیہ پردیش سرکار نے اُجّین، Maihar، Omkareshwar، Orchha اور چترکوٹ سمیت 7 مذہبی شہروں میں شراب کی فروخت پر پابندی عائد کر دی ہے۔

☆ مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما، دلّی اسمبلی انتخابات میں ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے یکے بعد دیگر ریلیاں اور روڈ شوز کر رہے ہیں۔

☆ چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں سکیورٹی فورسز نے 14 ماؤنوازوں کو گرفتار کیا ہے۔

☆ اور...... آسٹریلیائی اوپن ٹینس میں مردوں کے سنگلز کا خطابی مقابلہ، Jannik Sinner اور الیگزینڈر Zverev کے درمیان ہوگا۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***PM NCC Cadets***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں 7 لوک کلیان مارگ پر واقع اپنی رہائش گاہ پر یومِ جمہوریہ تقریبات 2025 میں حصہ لینے NCC کیڈٹس، NSS رضاکاروں، نوجوانوں کے تبادلے کے پروگراموں کے کیڈٹس، جھانکیوں کے فنکاروں اور قبائلی مہمانوں سے بات چیت کی۔ بات چیت کے دوران وزیر اعظم نے قومی اتحاد اور گوناگونیت کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے تمام شرکاء سے زور دے کر کہا کہ وہ ایک بھارت سریشٹھ بھارت کے جذبے کو مضبوط بنانے کیلئے مختلف ریاستوں کے لوگوں کے ساتھ بات چیت کریں۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ اِس طرح کی بات چیت سے افہام و تفہیم اور اتحاد کو استحکام ملتا ہے، جو کہ ملک کی ترقی کیلئے بے حد اہم ہیں۔

جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ ذمے دار شہری کے طور پر فرائض کی ادائیگی، وکست بھارت کے نظریے کے حصول کی کلید ہے۔ انہوں نے سبھی پر زور دیا کہ وہ اجتماعی کوششوں کے ذریعے ملک کو مضبوط بنانے کیلئے متحد اور پُر عزم رہیں۔

وزیر اعظم نے Mybharat پورٹل پر اندراج کرانے نیز ملک کی تعمیر میں تعاون کرنے کیلئے سرگرمیوں میں فعال طور پر شرکت کرنے کیلئے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی۔ بات چیت کے دوران وزیر اعظم نے حکومت کے کچھ اہم اقدامات کے بارے میں تبادلۂ خیال کیا، جو لوگوں کی زندگی کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے غیر ملکی شرکاء کے ساتھ بھی بات چیت کی۔ غیر ملکی شرکاء نے پروگرام میں شرکت کرنے پر اپنی خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے بھارت کی مہمان نوازی کی بھی تعریف کی۔ x

## Indonesian Prez Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subainto سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت کی 76 ویں یوم جمہوریہ تقریبات میں مہمان خصوصی کے طور پر انڈونیشیا کے صدر کی شرکت، دونوں ملکوں کے درمیان دیرینہ دوستی کیلئے ایک شاندار جشن ثابت ہوگا۔ انہوں نے دونوں ملکوں کے درمیان کثیر جہتی باہمی تعلقات کو فروغ دینے کیلئے صدر Prabowo Subainto کی رہنمائی کا اعتراف کیا۔

صدر Prabowo، 76 ویں یوم جمہوریہ تقریبات سے قبل چار روزہ دورے پر کل رات بھارت پہنچے۔ امور خارجہ کی وزیر مملکت Pabitra Margherita نے قومی راجدھانی میں ہوائی اڈے پر ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ اپنے دورے کے دوران انڈونیشیا کے صدر، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کریں گے۔ پچھلے سال اکتوبر میں عہدہ سنبھالنے کے بعد صدر Prabowo Subainto کا بھارت کا یہ پہلا دورہ ہے۔ اُن کا یہ دورہ رہنماؤں کو دو طرفہ تعلقات کا جامع جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر تبادلۂ خیال کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔

بھارت اور انڈونیشیا کے درمیان پُرجوش دوستانہ تعلقات ہیں۔ ایک جامع اسٹریٹجک پارٹنر کے طور پر انڈونیشیا، بھارت کی مشرق نواز پالیسی اور بھارت بحر الکاہل خطے میں ایک اہم ستون ہے۔ x

## Prez Address to Nation

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو یومِ جمہوریہ کی ماقبل شام، کل سات بجے قوم سے خطاب کریں گی۔ آکاشوانی کے پورے نیٹ ورک اور دور درشن کے سبھی چینلوں پر صدر جمہوریہ کے ہندی خطاب کے فوراً بعد انگریزی نشریہ پیش کیا جائے گا۔ دور درشن پر ہندی اور انگریزی خطاب کے بعد دور درشن کے سبھی مقامی چینل، مقامی زبانوں میں صدر جمہوریہ کا خطاب نشر کریں گے۔ آکاشوانی، رات ساڑھے نو بجے سے اپنے علاقائی نیٹ ورکس پر مقامی زبانوں میں صدر جمہوریہ کے خطاب کو نشر کرے گا۔x

**PM Karpuri Thakur**

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے بہار کے سابق وزیر اعلیٰ اور بھارت رتن کرپوری ٹھاکر کو اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ کرپوری ٹھاکر، سماجی انصاف کے مسیحا تھے۔ انہوں نے ایک بڑی آبادی کیلئے وسیع مواقع فراہم کرتے ہوئے ریزرویشن کو لاگو کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ جناب ٹھاکر نے اپنی پوری زندگی سماجی انصاف اور اس سَمت میں کی جانے والی مختلف کوششوں کے لیے وقف کر دی تھی۔ x

**MP Liquor Ban**

مدھیہ پردیش حکومت نے ریاست کے 17 مذہبی شہروں میں شراب کی فروخت پر پابندی لگا دی ہے۔ یہ فیصلہ، لوک ماتیہ Ahilyabai کے مقدس شہر کے طور پر جانے والے کھرگون ضلعے کے مہیشور میں آج منعقدہ ریاستی کابینہ میٹنگ میں لیا گیا۔ اِس فیصلے کا اطلاق 1 اپریل سے ہوگا۔ فیصلے کے تحت 17 مذہبی شہروں میں واقع شراب کی 47 دکانوں کو مکمل طور پر بند کردیا جائے گا۔ اِن دکانوں کو کہیں اور بھی منتقل نہیں کیا جاسکتا۔ مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے میڈیا کو اِس فیصلے سے واقف کرایا۔

S/B 2100 Liquor Ban MP-CM

اِن 17 مذہبی شہروں میں اجین میونسپل کارپوریشن، Datia، پنّا، منڈلا، مُلتائی، مندسور، Maihar اور اومکاریشور کے میونسپل کونسل علاقے، مہیشور، اورچھا، چترکوٹ اور اَمرکنٹک شامل ہیں۔ شراب بندی کی موجودہ پالیسی، Salkanpur ماتا مندر کے اطراف پانچ کلو میٹر کے دائرے میں، برمن کالا، برمن خورد، Kundalpur اور Bandakpur میں گرام پنچایت سطح پر بھی جاری رہے گی۔x

**Delhi Campaign**

دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے تشہیری مہم تیز ہوگئی ہے۔ اگلے مہینے کی پانچ تاریخ کو ہونے والی رائے دہی کیلئے سبھی بڑی سیاسی پارٹیوں کے رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے اپنی پوری طاقت جھونک رہے ہیں۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC Saklen

70 رکنی دلّی ریاستی اسمبلی کیلئے انتخابی مہم عروج پر ہے۔ عام آدمی پارٹی، BJP، کانگریس اور دوسری سیاسی پارٹیوں کے امیدوار، رائے دہندگان کی حمایت حاصل کرنے کیلئے روڈ شوز کر رہے ہیں اور گھر گھر جاکر ان سے ملاقات کر رہے ہیں۔سینئر BJP رہنما اور اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے آج پٹیل نگر حلقے میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ وہیں BJP کے سینئر رہنما انوراگ سنگھ ٹھاکر نے بھی منگول پوری، نئی دلّی اور دوارکا اسمبلی حلقوں میں کئی عوامی جلسے کئے۔دوسری جانب عام آدمی پارٹی کے قومی کنویز اور دلّی کے سابق وزیر اعلیٰ اروند کجریوال نے نجف گڑھ، اتم نگر اور دوارکا حلقوں میں روڈ شو کئے۔عام آدمی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ سنجے سنگھ نے بھی منگول پوری

علاقے میں اپنے امیدوار کے حق میں تشہیری مہم چلائی۔اِس دوران دلّی کانگریس کے سابق صدر انل چودھری نے بھی پٹپڑگنج اسمبلی حلقے میں گھر گھر جاکر ووٹ مانگے۔ثقلین اور انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

### Chattissgarh Arrest

چھتیس گڑھ میں، مسلح افواج نے بیجاپور ضلع سے 14 ماؤنوازوں کو گرفتار کیا ہے۔ ان میں سے 8 ماؤنوازوں پر تقریباً 36 لاکھ روپئے کے انعام کا اعلان ہے۔ یہ ماؤنواز Usoor پولیس اسٹیشن علاقے کے تحت Tekmetla، Nadapalli اور Mallemperta کے جنگلات سے گرفتار کئے گئے ہیں۔ گرفتار کئے گئے ماؤنوازوں پر Usoor-Nadapalliroad پر دھماکہ خیز مواد لگانے کا الزام ہے۔

### Secretary Review

آکاشوانی اور دور درشن 26 جنوری کو کرتویہ پتھ سے 76 ویں یوم جمہوریہ پریڈ کو براہ راست نشر کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔ آکاشوانی اور دور درشن کے تمام نیٹ ورک اور WAVES OTT پلیٹ فارم پر پریڈ کا لائیو کوریج کیا جائے گا۔ کرتویہ پتھ پر تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے اطلاعات و نشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے لائیو کوریج کیلئے آکاشوانی اور دور درشن کی جانب سے کیے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے آکاشوانی اور دور درشن کی ٹیم کی کوششوں کی ستائش کی۔

S/B: Sanjay Jaju

پرسار بھارتی کے CEO گورو دیویدی نے کہا کہ اِس بار اعلیٰ معیار کی تصویر ریزولیشن کو یقینی بنانے کیلئے 4-K کیمرے لگائے گئے ہیں، جو پہلے کے مقابلے آٹھ گنا بہتر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پریڈ کو WAVES OTT پلیٹ فارم پر نشر کیا جائے گا۔

S/B: Gaurav Dwivedi

### MEA Briefing

خارجہ سکریٹری وکرم مسری اتوار کے روز سے اپنے دو روزہ چین دورے پر رہیں گے۔ اِس دوران، وہ چین کے میکنزم کے نائب وزیر سے ملاقات کریں گے۔ نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ خارجہ سکریٹری، اپنے ہم منصب، چین کے نائب وزیر سے ملاقات کریں گے، جس میں دوطرفہ مفادات کے سبھی معاملات پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

S/B 2100 Randhir Jaiswal FS China Visit

میڈیا کی جانب سے بنگلہ دیش سرحد پر باڑھ لگانے سے متعلق پوچھے گئے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان سرحد پر باڑھ لگانے سے متعلق کئی معاہدے ہیں۔انھوں نے کہا کہ جرائم سے متعلق واقعات کی روک تھام کیلئے سرحد پر باڑھ لگانا ضروری ہے۔ انھوں نے مزید کہا

کہ باڑھ لگانے سے متعلق بنگلہ دیش کے ساتھ کئے گئے معاہدوں کو مثبت طور پر نافذ کیا جائے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ سرحد کے دونوں جانب باڑھ لگانے کا کام، دونوں ممالک کے درمیان طے پائے معاہدوں کے مطابق کیا جارہا ہے۔ غیرقانونی امیگریشن سے متعلق پوچھے گئے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت غیرقانونی امیگریشن کے خلاف ہے کیونکہ اس کا تعلق منظّم جرائم کی مختلف شکلوں سے ہے۔

S/B 2100 Randhi Illegal Immigration

ٹیرف معاملات پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ بھارت-امریکہ تعلقات بیحد مضبوط اور کثیرجہتی ہیں اور دونوں ممالک کے معاشی تعلقات بیحد خاص ہیں۔

S/S 2100 Randhir Jaiswal INDIA-US

## ***Mahakumbh Cleanliness***

اب خبریں مہاکنبھ سے...................

Mahakumbh Montage

پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ میں شامل ہونے کیلئے ہر روز عقیدتمند اور یاتری بڑی تعداد میں آتے ہیں۔ مہاکنبھ میلے میں شرکت کرنے والے لاکھوں عقیدتمندوں کے مقدس ڈبکی لگانے کیلئے صفائی ستھرائی اور حفظانِ صحت کو برقرار رکھنا حکومت کی اوّلین ترجیح ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ...................

VC Anand Kumar

مہاکنبھ 2025 نہ صرف ایک اہم روحانی اور ثقافتی اجتماع ہے بلکہ ماحولیاتی تحفظ اور صفائی کا ایک نمونہ بھی ہے۔ یہ تقریب فضلے کے انتظام، دریا کے تحفظ اور ماحول دوست طریقے میں، ایک نیا عالمی معیار قائم کر رہی ہے۔ حکومت نے صاف ستھرے مہاکنبھ کو یقینی بنانے کیلئے ایک جامع صفائی ستھرائی کا منصوبہ نافذ کیا ہے۔ میلہ گراوَنڈ کو ''پلاسٹک فری زون'' قرار دیا گیا ہے، جہاں ایک بار استعمال ہونے والے پلاسٹک پر پابندی عائد ہے۔

Swach Aur Swasth Mahakumbh مہم کے ایک حصے کے طور پر آج میلہ علاقے میں صفائی ستھرائی سے متعلق ایک ریلی نکالی گئی، جس کا مقصد عقیدتمندوں کے صفائی ستھرائی کے تئیں بیدار کرنا اور ایک ماحول دوست طرزِعمل کو فروغ دینا ہے۔200 سے زیادہ سیوا دُوت اور سوچھتا متروں نے اس ریلی میں حصہ لیا اور صفائی ستھرائی اور استحکام سے متعلق پیغام کو پھیلایا۔پریاگ راج سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ میں تنویر الفرید

## ***AUS OPEN TENNIS***

آسٹریلیائی اوپن ٹینس میں مردوں کے سنگلز کا خطابی مقابلہ، دفاعی چمپئن اور اعلیٰ درجے کے کھلاڑی Jannik Sinner اور دوسرے درجے کے جرمنی کے کھلاڑی الیگزینڈر Zverev کے درمیان ہوگا۔ یہ میچ اتوار کو کھیلا جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆